# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ایک پہاڑ اور گلہری (نظم) | |

**مقاصد:** نظم درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم" الفاظ کی پرچیاں، لفظی دیوار

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو پڑھائی کے لیے آمادہ کریں۔ جیسے بچوں سے پوچھیں کہ علامہ اقبال کون تھے؟ انھوں نے بچوں کے لیے جو نظمیں لکھیں، ان کے نام بتائیں۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم علامہ اقبال کی ایک نظم پڑھیں گے، جس میں غرور و تکبر سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (منٹ25)

- نظم "ایک پہاڑ اور گلہری" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں:
- "لفظی جیب"۔ نظم "ایک پہاڑ اور گلہری" میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کے مختلف بچوں کے بچوں کی مختلف جوڑیاں بن کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآوازِ بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔ ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اس نظم میں غرور و تکبر کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ اس میں شاعر نے بتایا ہے کہ دنیا کی کوئی بھی چیز اللہ نے بے کار پیدا نہیں کی۔ اللہ کی بنائی ہوئی ہر چیز ایک دوسرے سے منفرد اور خوب صورت ہے۔ اللہ کی عطا کی ہوئی خوبیوں پر غرور کرنے اور دوسروں کو اپنے سے کم تر سمجھنے کی بجائے ہمیں چاہیے کہ ہم ان خوبیوں پر اللہ کا شکر ادا کریں۔ دوسروں کو بھی اہمیت دیں۔

| |
|---|
| • بچوں کے 6 گروہ بنا دیں اور انھیں نظم کے اشعار تفویض کر دیں۔ اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ نظم کے جس مصرعے میں آیا ہو اس مصرعے کی بھی بلند خوانی کرے۔ درست معانی بتانے اور مصرع پڑھنے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے۔اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ایک پہاڑ اور گلہری (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، آئس کریم اسٹکیں، مشکل الفاظ کی پرچیاں، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بورڈ پر آٹھ کاغذی جیبیں چسپاں کریں۔ نظم "ایک پہاڑ اور گلہری" میں سے کوئی سے آٹھ مشکل الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور انھیں بند کر کے ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- اب جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے کاغذی جیبوں میں سے کسی جیب سے پرچی نکالنے کے لیے کہیں۔ بچہ پرچی کھول کر اس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھے گا اور پھر اس کا استعمال کرتے ہوئے ایک جملہ بولے گا۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 79 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "بساط" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- اب بچوں کے 8 گروہ بنادیں۔ 8 آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔ اس کے بعد آئس کریم اسٹک کی دوسری جانب اس لفظ پر مبنی ایک جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- اب سوال نمبر 2 میں دیے گئے پہلے تین سوالات چارٹ کی بنی ہوئی مختلف اشکال جیسے مربع، مستطیل اور دائرہ، وغیرہ پر لکھ دیں اور یہ پرچیاں آئس کریم اسٹکوں پر گوند کی مدد سے چپکالیں۔ یہ آئس کریم اسٹکیں ایک کپ میں ڈال کر میز پر رکھ دیں۔ اب میز پر گتے کا چوکور ڈبا رکھ دیں، جس کی اطراف میں چارٹ کی بنی ہوئی وہی اشکال چسپاں ہوں، جو آئس کریم اسٹکوں پر بنی ہوں۔
- بچوں کے 3 گروہ بنادیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبا گھما کر میز پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبے کی اوپر کی جانب جو شکل بنی ہو اسی شکل کی آئس کریم اسٹک نکال کر اس بچے کو دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹکوں پر لکھے ہوئے سوالات پڑھیں اور ان کے جوابات سوچیں۔
- اس دوران میں سوال نمبر 2 میں دیے گئے پہلے تین سوالات بورڈ پر لکھ دیں اور ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔ جس گروہ کے پاس وہ سوال آیا ہو گا، اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر اس سوال کے نیچے اس کا جواب لکھے گا۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات بتانے والے گروہوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

۱۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بِساط | | آن بان | |
| غُرور | | حِکمَت | |
| شُعُور | | ہُنَر | |
| پَست | | پانی میں ڈُوب مرنا | |

۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟

_______________________________________________

(ب) گلہری نے پہاڑ کی بات کا کیا جواب دیا؟

_______________________________________________

(ج) گلہری نے پہاڑ کو حکمت کی کون سی بات بتائی؟

_______________________________________________

(د) پہاڑ اور گلہری میں کون کون سی خوبیاں تھیں؟

_______________________________________________

(ز) اس نظم سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

_______________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ایک پہاڑ اور گلہری (نظم) | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، جملوں کی پرچیاں، چار کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، چارٹ کی بنی مچھلیاں، mystery bags

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں ۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں چار غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ چار چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین دھاگے ڈال کر دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا

باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔ درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی ب دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان کے نیچے درست جوابات لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال 3 میں دیا گیا کالم بورڈ پر بنائیں اور متفرق بچوں سے متعلقہ کالم ملوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ایک پہاڑ اور گلہری (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کا مرکزی خیال بیان کر سکیں۔

فعل امر اور فعل نہی کے جملوں کی پہچان کر سکیں۔

لاحقے کی مدد سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار نظم "ایک پہاڑ اور گلہری" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں نظم سنائیں گے / گی۔ انھوں نے نظم غور سے سننی ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔ بچوں کو نظم پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ نظم سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں سے پوچھیں کہ فعل امر سے کیا مراد ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ نہ آنے کی صورت میں نرمی سے دہرا دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ فعل جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، اسے "فعل امر" کہتے ہیں۔ جیسے:

  ✓ ہمیشہ سچ بولو۔

  ✓ بڑوں کا ادب کرو۔

  ✓ باقاعدگی سے نماز پڑھو۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ فعل نہی سے کیا مراد ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ نہ آنے کی صورت میں نرمی سے دہرا دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ فعل جس میں کسی کام کے کرنے سے منع کیا جائے، اسے "فعل نہی" کہتے ہیں۔ جیسے:
  - ✓ چھت پر مت جاؤ۔
  - ✓ کپڑے گندے مت کرو۔
  - ✓ پھول مت توڑو۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں فعل امر کی اور دوسرے میں فعل نہی کی سرخی لکھ دیں۔ اب بورڈ پر فعل امر اور فعل نہی کے پانچ پانچ جملے ملا کر لکھ دیں۔۔ بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کن جملوں میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے یا فعل امر کے جملے کون سے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب فعل امر والے جملوں کو الگ کر کے فعل امر والے کالم میں لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی فعل نہی والے جملوں پر کروائیں۔
- اب بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کسی بامعنی لفظ کے آخر میں لگنے سے اس کے معانی میں تبدیلی پیدا کر دیں، "لاحقے" کہلاتے ہیں۔ مثلاً لفظ "دان" سے پہلے "گل" لگانے سے لفظ "گل دان" بن جاتا ہے۔ یہ نیا لفظ "گل" کے بعد "دان" لگانے سے بنا، اس لیے "دان" لاحقہ ہے ۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں الفاظ اور دوسرے میں لاحقے کی سرخی لکھ دیں۔ لاحقے والے کالم میں "پرست، خوار، انگیز، زدہ، کار" لکھ دیں ۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ایسا لفظ بتائیں جسے سابقہ "انگیز" کے شروع میں لگانے سے بامعنی لفظ بن جائے۔ جو بچہ درست لفظ بتائے، اس کو شاباش دیں اور پھر "انگیز" کے ساتھ الفاظ "حیرت انگیز، "غم انگیز، درد انگیز، فتنہ انگیز" بنائیں اور بورڈ پر لکھیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی لاحقوں پر کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) جماعت میں کرائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) مختلف بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر فعل امر اور فعل نہی کے جملے لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: ایک پہاڑ اور گلہری (نظم) | |

**مقاصد:** کسی بھی عنوان پر مختصر مضمون ربط و تسلسل کے ساتھ لکھ سکیں۔

خرید و فروخت کے حوالے سے آویزاں فہرستیں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، موسم بہار اور خزاں کی تصاویر، سیلو ٹیپ، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- اب بچوں کو بتائیں آج ہم مضمون نگاری کے متعلق سیکھیں گے۔ انھیں بتائیں "کسی بھی واقعہ، چیز یا شخصیت کے بارے میں اپنے خیالات کو مربوط انداز میں تسلسل کے ساتھ تحریر کرنا مضمون نگاری کہلاتا ہے۔"
- مضمون کے تین حصے ہوتے ہیں: ☆تمہید / آغاز ☆ تفصیل / متن ☆ اختتامیہ / خاتمہ
- مضمون شروع کرتے وقت چند سطروں میں عنوان کی جانب اشارہ کرنا تمہید یا آغاز کہلاتا ہے۔
- متن مضمون کا سب سے اہم حصہ ہوتا ہے مضمون کی اہم معلومات اسی حصے میں بیان کی جاتی ہیں۔
- اختتامیہ مضمون کا آخری حصہ ہوتا ہے۔ اس میں مکمل مضمون کا نچوڑ شامل کیا جاتا ہے۔
- اب بچوں کو بتائیں مضمون لکھتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:
  - مضمون کے ضروری نکات کسی علیحدہ صفحے پر لکھیں۔
  - آسان اور عام فہم الفاظ استعمال کریں۔
  - تمہید مختصر اور دلچسپ ہو۔
  - کسی بات کو بار بار نہ دہرائیں۔
  - عبارت کو پیراگراف کی صورت میں لکھیں۔
  - خوش خطی اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں کے گروہ بنادیں۔ انھیں سادہ شیٹیں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ علم بڑی دولت ہے کے موضوع پر تین اقتباسات پر مشتمل ایک مضمون شیٹوں پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں ۔بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ یا جوڑی کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا لکھا ہوا پیراگراف سنانے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور علم بڑی دولت ہے کے موضوع پر تین اقتباسات پر مشتمل ایک مضمون کاپیوں پر لکھیں۔
- کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا رہنمائی کی ضرورت ہو فراہم کریں۔ لکھائی کی صفائی اور املا کی درستی کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ وہ کبھی کسی بازار یا مارکیٹ میں پھل یا سبزیاں خریدنے کے لیے گئے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی وہاں ایسی فہرستیں پڑھی ہیں جن پر چیزوں کی قیمتیں لکھی ہوتی ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 13 کے تحت دیا گیا نرخ نامے کی تصویر چسپاں کریں یا بنائیں۔ بچوں کو ایک بار چیزوں کے نرخ درست تلفظ سے پڑھ کر بتائیں۔ بعد ازاں مختلف بچوں سے درست تلفظ سے پڑھوائیں۔ بچوں کو ان کا مقصد بتائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کرائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) موضوع سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے:

- ❖ جدول میں کتنے پھلوں کا ذکر کیا گیا ہے؟
- ❖ سب سے زیادہ قیمت کِس پھل کی ہے؟
- ❖ سیب اور خربوزے کی قیمتیں کیا ہیں؟

درست جوابات پر بچوں کی حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ قریبی بازار جائیں۔ وہاں آویزاں چیزوں کے نرخ نامے پڑھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: دیانت داری | |
| **مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے سامنے میز پر دو ٹوکریاں رکھیں۔ دونوں ٹوکریوں پر ایک ایک چٹ لگا کر ایک پر لکھ دیں غلط فقرات اور دوسری پر لکھ دیں درست فقرات۔ اب بچوں کے چھے گروہ بنا دیں انھیں سبق "ایک پہاڑ اور گلہری" سے متعلق چھے فقرات پر مشتمل پرچیاں دیں۔ تین پرچیوں پر درست اور تین پر غلط جملے لکھے ہوں۔ بچوں سے کہیں کہ ان کے جو پرچی آئی ہے اس پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں اور سوچیں کہ وہ جملہ سبق کے مطابق درست ہے یا غلط؟ پھر باری باری مختلف بچوں کو پرچیوں سمیت بلائیں اور ان سے کہیں کہ غلط فقرات پر مشتمل پرچیوں کو غلط فقرات والی اور درست فقرات والی پرچیوں کو درست فقرات والی ٹوکری میں ڈال دیں۔ جو بچے فقرات کی درست پہچان کریں گے وہ فاتح قرار پائیں گے۔ (یہ سرگرمی گروہ یا جوڑیوں کی صورت میں کرواسکتے ہیں) اس سرگرمی کا مقصد گزشتہ روز پڑھائے جانے والے سبق سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینا ہے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ کسی گتّے کی مدد سے ایک پہیا تیار کریں اور اس پر چار مختلف رنگوں کے ڈبے بنا دیں۔ ان ڈبوں میں ایک تا چار نمبر لکھ دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں۔ اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی خواندگی کرے گا۔
- سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب بچوں سے تفویض کردہ پیراگراف کی بلند خوانی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کو چنیں جنھوں نے گزشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو۔

- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ متن مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک پرچی دیں، جس میں سبق سے متعلق سوالات لکھے ہوں۔ ایک پرچی پر صرف ایک سوال لکھا ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس سوال کا جواب مل کر سوچیں اور اس پرچی کی پشت پر اس کا جواب لکھیں۔ اس کے لیے انھیں دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں وہی سوالات بورڈ پر لکھ دیں جو بچوں کو دیے ہوں اور ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو شیٹ سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ اس کے گروہ کے پاس جو سوال آیا تھا، وہ بورڈ پر تلاش کرے اور اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔